# عرس شیڈول برائے سال 23-2022 اور معلومات برائے زیارات (ہندوستان)

| درخواست دینے کی تاریخ | عرس کا دورانیہ | قمری تاریخ | مقام | عرس کا نام |
|---|---|---|---|---|
| 10مارچ تک 2022 | 19تا26 ستمبر 2022 | 28صفر | سرہند شریف | حضرت مجدد الف ثانیؒ |
| 15مارچ تک 2022 | 6 تا 13 اکتوبر 2022 | 13ربیع الاول | کلیر شریف | حضرت خواجہ علاؤالدین علی احمد صابرؒ |
| 25مارچ تک 2022 | 27اکتوبر تا 3نومبر 2022 | 4ربیع الثانی | آگرہ | حضرت حافظ عبداللہ شاہؒ |
| 10اپریل تک 2022 | 7 تا 14نومبر 2022 | 16ربیع الثانی | دہلی | حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ |
| 20 اگست تک 2022 | 23جنوری تا 2فروری 2023 | 06رجب | اجمیر شریف | حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ |
| 15نومبر تک 2022 | 4 تا 11مئی 2023 | 18شوال | دہلی | حضرت امیر خُسروؒ |

۱۔ نئے درخواست فارم وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی کی ویب سائیٹ **www.hajjinfo.org** سے حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

۲۔ درخواست فارم درخواست دینے کی آخری تاریخ تک وزارت ھذا میں پہنچ جانا چاہیے۔ مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والے درخواست فارم پر غور نہیں کیا جاتا کیونکہ وزارت ھذا اور دوسرے متعلقہ محکموں کے درمیان طے شدہ طریقہ کار کے مطابق زائیرین کی سیکورٹی کلیئرنس کے لیئے دو ماہ کا عرصہ درکار ہوتا ہے۔

۳۔ درخواست فارم کے ساتھ ناقابل واپسی آن لائن فیس -/1000 روپے کسی بھی نیشنل بینک سے نیشنل بینک مین برانچ (0341) سوک سینٹر اسلام آباد وزارت مذہبی آمور و بین المذہب ہم آہنگی **(Ministry of Religious Affairs and Interfaith Harmony)** کے **اکاؤنٹ نمبر 3035053332** میں جمع کروائیں۔ جمع شدہ اصل رسید درخواست فارم کے ساتھ لف کریں رسید کی فوٹو کاپی قابل قبول نہ ہو گی۔

۴۔ قرعہ اندازی سے تقریباً ایک ماہ بعد صرف کامیاب زیئرین کو بذریعہ خط اطلاع دی جاتی ہے اور اُن سے ضروری اخراجات اور سفری کاغذات طلب کئے جاتے ہیں۔

۵۔ اصل پاسپورٹ اور دوسرے کاغذات تین مہینے پہلے طلب کئے جاتے ہیں۔ اگر پاسپورٹ 8 ماہ سے کم معیاد تک لیلئے کار آمد ہو تو اُس پر سفارتخانہ ویزہ کا اجرا نہیں کرتا۔ اس عورت میں اپنے پاسپورٹ کی تجدید بروقت کروالیں۔

۶۔ سفارت خانہ ہند ویزہ فارم ONLINE قبول کرتی ہے۔ ویزہ فارم کو پُر کرنے سے پہلے اس ویب سائیٹ پر موجود ہدایات کو غور سے پڑھ لیں۔ ویب سائیٹ www.india.org.pk سے پاکستانی شہریوں کیلیئے آن لائن پُر کر کے سبمٹ SUBMIT کرنے کے بعد اس فارم پر جلی حروف میں کنڑول نمبر ظاہر ہوتا ہے اُس File کو Save کر کے اُس کی تین (3) کاپیاں نکال لیں۔ اُن پر اصل تصویر چسپاں کریں اور دونوں صفوں پر دستخط کر کے وزارت کو دوسرے سفری کاغذات کے ساتھ ارسال کریں۔